ذاتی جائزہ:19

نمبر شمار	اللہ کے محبوب بندوں کی چال اور کلام	ہاں	نہیں
1	میں سکون، عاجزی، میانہ روی، وقار اور تحمل کے ساتھ مضبوط قدموں سے زمین پر چلتا / چلتی ہوں؟		
2	میں پاؤں گھسیٹ کر، بیماروں کی طرح، اکڑ کر، تکبر، تصنع اور ریا کاری کے ساتھ، پاؤں پٹخ کر، شور مچا کر اور بہت تیز رفتاری سے نہیں چلتا / چلتی ہوں؟		
3	میں اعتدال کے ساتھ باوقار، متواضع اور پرسکون طریقے سے چلنے کی کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
4	میں ہر ایک سے ملاقات کے وقت سلام کرنے میں پہل کرتا / کرتی ہوں؟		
5	میں دوست اور دشمن ہر ایک سے حق بات سن کر اسے قبول کر لیتا / لیتی ہوں؟		
6	میں ہر مسلمان کو اپنے آپ سے بہتر سمجھتا / سمجھتی ہوں؟		
7	میں دنیاوی مال و دولت کی وجہ سے نہ خود کو اور نہ کسی دوسرے کو بلند سمجھتا / سمجھتی ہوں؟		
8	میں حقیر سمجھی جانے والی سواری پر سوار ہونے میں کوئی عار محسوس نہیں کرتا / کرتی ہوں؟		
9	میری جب کسی عالم سے ملاقات ہو تو میں ان کی تعظیم کرتا / کرتی ہوں؟		
10	میں مجلس میں معمولی جگہ پر بیٹھنے کو برا نہیں سمجھتا / سمجھتی ہوں؟ میں عاجزانہ انداز میں بیٹھتا / بیٹھتی ہوں؟		
11	میں مجلس میں دوسروں کو بیٹھنے کی جگہ دے دیتا / دیتی ہوں؟		
12	جب کوئی اذیت دیتے ہوئے میرے ساتھ جہالت سے بات کرتا ہے تو میں صبر و تحمل سے کام لیتے ہوئے عاجزی و انکساری، سمجھ داری، حلم اور تواضع کے ساتھ بہترین انداز میں جواب دیتا / دیتی ہوں؟ یا ان سے اعراض کرتا / کرتی ہوں؟		
13	اگر کوئی میرے ساتھ بدسلوکی کرے تو میں مسکرا کر احسن انداز میں جواب دیتا / دیتی ہوں؟		
14	میں جاہلانہ عادات مثلاً معمولی باتوں پر غضب ناک ہونا، بے فائدہ کلام کرنا، غیر مناسب مقام پر عطیات دینا، دوست اور دشمن کی پہچان نہ رکھنا، راز افشا کر دینا اور ہر کسی پر بھروسہ کر لینا وغیرہ سے بچنے کی پوری کوشش کرتا / کرتی ہوں۔		
15	میں ہر ایک کے ساتھ نرمی سے بات کرتا / کرتی ہوں؟ میری گفتگو میں ٹھہراؤ اور میانہ روی ہے؟		
16	میں برائی یا بداخلاقی کا جواب برائی یا بداخلاقی سے نہیں دیتا / دیتی بلکہ درگزر سے کام لیتا / لیتی ہوں؟		
17	میں لوگوں کے ساتھ تواضع سے پیش آتا / آتی ہوں؟ مثلاً اچھے اخلاق سے پیش آنا، بڑوں کی عزت اور چھوٹوں پر شفقت کرنا، کمزوروں کا خیال رکھنا، ان کی ضروریات کا خیال رکھنا اور ان کو پورا کرنا، درگزر کرنا، تکلیف کے باوجود احسان کرنا، کوئی غلطی کرے تو اسے قبول کرنا وغیرہ		
18	میں بچوں کے ساتھ تواضع سے پیش آتا / آتی ہوں؟ مثلاً نرمی، رحم دلی، پیار سے پیش آنا، ان کے ساتھ کھیلنا، ان کو سلام کرنا، ان کو دعا دینا، ان کے سر پر ہاتھ پھیرنا، ان کے جذبات کا خیال رکھنا، ان کو خوش کرنا، ان کو تسلی دینا وغیرہ۔		
19	میں لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کرتا / کرتی ہوں؟		
20	میں کھانے پینے میں سادگی اختیار کرتا / کرتی ہوں؟ مثلاً جو میسر ہو وہ کھا لینا، کھانے میں عیب نہ نکالنا، لقمہ گر جائے تو بغیر عار کے اسے اٹھا کر کھا لینا، کھانے میں دوسروں کو شریک کرنا، یتیم و مسکین کو ساتھ بٹھا کر کھلانا، معمولی لوگوں کی دعوت قبول کر لینا، ٹیک لگا کر نہ کھانا، سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا نہ کھانا وغیرہ		
21	گھر والوں کے ساتھ میرا اخلاق سب سے اچھا ہوتا ہے میں ان کے ساتھ گھر کے کاموں میں تعاون کرتا / کرتی ہوں؟		
22	میں خادموں کے ساتھ تواضع سے پیش آتا / آتی ہوں؟ مثلاً ان کے کاموں میں عیب نہ نکالنا، غلطی پر ملامت نہ کرنا، مار پیٹ نہ کرنا، ان کو اپنے سے کم تر نہ سمجھنا وغیرہ ؟		
23	میں سادہ اور متواضع لباس پہنتا / پہنتی ہوں؟ قیمتی اور مزین لباس سے گریز کرتا / کرتی ہوں؟		

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION